محمد گل شیر شہیدؒ نے دین اسلام کی سربلندی کے لئے بے مثال محنت کی اور اللہ کے سوا دنیا کی ہر طاقت سے ٹکرا گئے۔ ان کے دل میں صرف اللہ کا خوف تھا۔ اسی لئے کوئی طاقت انہیں خوف زدہ نہ کرسکی اور مولانا گل شیر شہید اللہ کے دین کے راستے میں شہادت کے بلند مرتبہ پر فائز ہو گئے۔ آپ نے کارکنوں کو ہدایت فرمائی کہ اپنے اسلاف کے نقشِ قدم پر چل کر صرف آخرت کے اجر کے لئے اللہ کے دین کے سپاہی بن جاؤ!

حضرت شاہ جی تلہ گنگ بھی تشریف لے گئے اور وہاں آپ نے مسجد سیدنا ابوبکر صدیق میں کارکنوں سے ملاقات کی۔ آپ نے تمام احرار رضاکاروں کو ہدایت فرمائی کہ مجلس کے کام کو دین کا کام سمجھ کر سرانجام دیں۔ اجتماعی زندگی میں نظم و ضبط کی اہمیت اور زیادہ ہو جاتی ہے۔ اس لئے اپنے اندر یہ صفت بھی پیدا کریں۔ آپ نے فرمایا کہ دشمنانِ خدا، دشمنانِ رسول اور دشمنانِ ازواج و اصحابِ رسول علیہم الرضوان کے خلاف کمربستہ ہو جائیں۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے، اور ایک مسلمان کی حیثیت سے ہمیں ہر نوع اس سے عہدہ برآ ہونا ہے۔

شاہ جی نے کارکنوں سے فرمایا کہ اپنی روحانی زندگی کو اللہ کے ذکر سے منور کرو اور عملی زندگی کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ سے مزین کرو۔ دنیا میں کامیابی کا وعدہ نہیں مگر آخرت کی کامیابی یقینی ہے۔

## اظہار تعزیت

○ممتاز عالم و خطیب مولانا عبد الستار توحیدی گزشتہ ماہ راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔ مولانا راولپنڈی میں مسجد حنفیہ کے خطیب اور مدرسہ کے بانی تھے، تمام عمر توحید و ختم نبوت کی تبلیغ میں بتا دی۔ ان کے فرزند مولانا محمود الحسن توحیدی ہمارے مہربان دوست اور ادارہ کے معاون ہیں فیصل آباد میں دین کی خدمت میں مصروف ہیں۔ اللہ تعالیٰ مولانا مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر عطا فرمائے۔

○مولانا غلام اللہ خان مرحوم کے صاحبزادے قاضی احسان الحق صاحب چند روز قبل راولپنڈی میں انتقال کر گئے وہ راجہ بازار میں اپنے والد ماجد کے قائم کردہ مدرسہ و مسجد کے مہتمم تھے۔

چیچہ وطنی کی بزرگ شخصیت حاجی راؤ معدلت حسین انتقال کر گئے ہیں ان کی نماز جنازہ پیر جی عبد العلیم رائے پوری نے پڑھائی شہر کے تمام احرار کارکن جنازہ میں شریک ہوئے اور لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔

چیچہ وطنی ہی کے احرار کارکن جناب ڈاکٹر اللہ بخش جاوید صاحب کے والد ماجد جناب عطاء الٰہی صاحب رحلت فرما گئے ہیں۔

**انا للّٰہ و انا الیہ راجعون**

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کی مغفرت کیلئے دعاء اور ایصال ثواب کا اہتمام کریں اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر عطاء فرمائے۔ اراکین ادارہ پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

(ادارہ)